سوال

(917) فجر کی دو سنتیں گھر میں ادا کرنے کے بعد مسجد میں تحیۃ المسجد ادا کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

صبح کی دو سنتیں گھر میں ادا کرنے کے بعد اگر مسجد جائیں اور ابھی جماعت کھڑے ہونے میں چند منٹ باقی ہوں تو دو رکعت ''تحیۃ المسجد'' ادا کرلیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر صبح کی دو رکعتیں گھر میں پڑھ کر مسجد میں آئیں، جماعت کھڑی ہونے میں وقفہ ہو تو عمومِ حدیث

'اِذَا جَاءَ کُمُ الْمَسْجِدَ...الخ' کی بناء پر ''تحیۃ المسجد'' کی دو رکعتیں پڑھنی چاہئیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 763

محدث فتویٰ